## نواب شاہ میں احمدی فرقہ کے ضلعی امیر محمد یوسف کا قتل مذہبی انتہاء پسندی کا تسلسل ہے، الطاف حسین

## دوروز میں احمدی جماعت کی دو معروف شخصیات کا بہیمانہ قتل اعتدال پسند عوام کیلئے لمحہ فکریہ ہے

## عقائد سے اختلاف کی بنیاد پر بے گناہ افراد کو قتل کرنے والے انسانیت کے کھلے دشمن ہیں

لندن۔۔۔10، ستمبر 2008ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے نواب شاہ میں مسلح دہشت گردوں کے ہاتھوں احمدی فرقہ کے ضلعی امیر محمد یوسف کے بہیمانہ قتل کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہے اور اس واردات کو مذہبی انتہاء پسندی کا تسلسل قرار دیا ہے۔ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ دوروز قبل میر پور خاص میں احمدی فرقہ سے تعلق رکھنے والے ڈاکٹر منان صدیقی کو انکے اسپتال میں گھس کر ٹارگٹ کلنگ کا نشانہ بنایا گیا تھا اور منگل کی شب مسلح دہشت گردوں نے احمدی جماعت نواب شاہ کے ضلعی امیر کو اس وقت فائرنگ کا نشانہ بنا کر قتل کر دیا جب وہ اپنے گھر سے عبادت کیلئے جارہے تھے۔جناب الطاف حسین نے کہا کہ دوروز میں احمدی فرقہ سے تعلق رکھنے والی دو معروف شخصیات کا قتل ملک بھر کے اعتدال پسند عوام کیلئے لمحہ فکریہ ہے۔انہوں نے کہا کہ جو عناصر فقہہ اور عقائد سے اختلاف کی بنیاد پر بے گناہ افراد کا قتل کر رہے ہیں وہ نہ صرف انسانیت کے کھلے دشمن ہیں بلکہ عقائد سے اختلاف کی بنیاد پر بے گناہ افراد کو قتل کر کے دنیا بھر میں دین اسلام کو بدنام بھی کر رہے ہیں جس کی جتنی بھی مذمت کی جائے کم ہے۔جناب الطاف حسین نے صدر مملکت آصف علی زرداری، وزیر اعظم یوسف رضا گیلانی، گورنر سندھ ڈاکٹر عشرت العباد اور وزیر اعلیٰ سندھ سید قائم علی شاہ سے مطالبہ کیا کہ میر پور خاص اور نواب شاہ میں احمدی جماعت سے تعلق رکھنے والے ڈاکٹر منان صدیقی اور محمد یوسف کے بہیمانہ قتل کا سنجیدگی سے نوٹس لیا جائے، سفاک قاتلوں کو گرفتار کر کے سخت ترین سزا دی جائے اور احمدی فرقہ سے تعلق رکھنے والے افراد کی جان و مال اور عبادت گاہ کے تحفظ کیلئے ہنگامی بنیادوں پر عملی اقدامات کیے جائیں۔

## سندھ کے قومی اثاثے اور زمینیں فروخت کرنے کا عمل سندھ دھرتی کے ساتھ ناانصافی ہے، اراکین سندھ اسمبلی

کراچی۔۔۔10، ستمبر 2008ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے حق پرست اراکین سندھ اسمبلی نے صوبہ سندھ کے کھربوں ڈالر کے معدنی ذخائر اور قومی اثاثوں کے فروخت کی گھناؤنی سازش کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہے۔اپنے مشترکہ بیان میں انہوں نے کہا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین میلوں دور بیٹھ کر بھی سندھ دھرتی کے سچے سپوت ہونے کا حق ادا کر رہے ہیں اور سندھ کے قومی اثاثوں کی فروخت کی سازش سے سندھ بھر کے عوام کو آگاہ کر رہے ہیں۔انہوں نے کہا کہ صوبہ سندھ کے کوئلہ کے ذخائر اور گیس فیلڈ کی فروخت کا منصوبہ سندھ دھرتی اور اس کے عوام کے ساتھ سراسر ظلم اور ناانصافی ہے۔انہوں نے کہا کہ باشعور عوام سندھ کے خلاف کسی بھی سازش کو کامیاب نہیں ہونے دیں گے اور سندھ کے قومی اثاثوں کی فروخت کے منصوبے کے خلاف ہر سطح پر صدائے احتجاج بلند کریں گے۔حق پرست اراکین سندھ اسمبلی نے گورنر سندھ ڈاکٹر عشرت العباد اور وزیر اعلیٰ سندھ سید قائم علی شاہ سے مطالبہ کیا کہ سندھ کے قومی اثاثوں کی فروخت کی سازش کا نوٹس لیا جائے اور سندھ کے ساتھ کی جانے والی ناانصافیوں کا سلسلہ بند کرایا جائے۔

## رابطہ کمیٹی نے تنظیمی نظم وضبط کی خلاف ورزی پر نارتھ کراچی سیکٹر کے کارکن گوہر رضا عابدی کو بنیادی رکنیت سے خارج کر دیا گیا

کراچی۔۔۔10، ستمبر 2008ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے تنظیمی نظم وضبط کی سنگین خلاف ورزی پر ایم کیو ایم نارتھ کراچی سیکٹر یونٹ 133-B کے کارکن گوہر رضا عابدی ولد اظہر عابدی کو تنظیم کی بنیادی رکنیت سے خارج کر دیا ہے۔رابطہ کمیٹی نے ایم کیو ایم کے تمام ذمہ داران اور کارکنان کو ہدایت کی کہ وہ مذکورہ فرد سے کسی قسم کا رابطہ نہ رکھیں

## ایم کیو ایم لیاقت آباد، کورنگی، اورنگی ٹاؤن سیکٹرز اور ٹھٹھہ زون کے کارکنان سے رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔10، ستمبر 2008ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیو ایم لیاقت آباد سیکٹر یونٹ 159 کے کارکن محمد شریف کے بھائی حاجی محمد جعفر، ایم کیو ایم کورنگی سیکٹر یونٹ 75 کے کارکن آصف خان کی والدہ محترمہ سعیدہ، ایم کیو ایم اورنگی ٹاؤن سیکٹر یونٹ 118-B کے کارکن سید عمران احمد زیدی کے والد سید شکیل احمد زیدی اور ایم کیو ایم ٹھٹھہ زون مکلی یونٹ کے کارکن ابراہیم کی کمسن صاحبزادی شاہین کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔رابطہ کمیٹی نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔(آمین)

## کل بروز جمعرات کوکراچی اور سندھ کے دیگر 19 شہروں میں ایم کیوایم کے جنرل ورکرز اجلاس منعقد ہوں گے

## اجلاسوں سے الطاف حسین ٹیلی فونک خطاب کریں گے

کراچی۔۔۔10،ستمبر 2008ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے زیر اہتمام 10 ستمبر بروز بدھ کوکراچی اور سندھ کے 19 شہروں میں منعقد ہونے والے جنرل ورکرز اجلاس ناگزیر وجوہات کی بناء پر تبدیل کردیے گئے ہیں۔یہ جنرل ورکرز اجلاس اب کل بروز جمعرات سہ پہر تین بجے منعقد کئے جائیں گے۔جنرل ورکرز اجلاس سے ایم کیوایم کے قائد جناب الطاف حسین بیک وقت ٹیلی فونک خطاب کریں گے۔اس سلسلے کا مرکزی اجتماع ایم کیوایم کے مرکز نائن زیرو عزیز آباد سے متصل لال قلعہ گراؤنڈ میں منعقد ہوگا جبکہ سندھ کے 19 ،شہروں میں ایم کیوایم کے زونل دفاتر پر بھی جنرل ورکرز اجلاس منعقد ہونگے۔جنرل ورکرز اجلاس کے انعقاد کے سلسلے میں ایم کیوایم کے زیر اہتمام انتظامات اور تیاریوں کو حتمی شکل دیدی گئی ہے۔

## ایم کیوایم سکھر زون کے کارکن نذر محمد خان کے انتقال پر الطاف حسین کا اظہار افسوس

لندن۔۔۔10،ستمبر 2008ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم سکھر زون روہڑی سیکٹر یونٹ یوسی 21 کے کارکن نذر محمد خان کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے مرحوم کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ مجھ سمیت ایم کیوایم کے تمام کارکنان آپ کے غم میں برابر کے شریک ہیں ۔انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو اپنی جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو صبر جمیل کی توفیق عطا کرے۔

## ایم کیوایم سکھر زون روہڑی سیکٹر کے سینئر کارکن نظر محمد خان علالت کے باعث انتقال کر گئے، رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔10،ستمبر 2008ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ سکھر زون، روہڑی سیکٹر یونٹ UC21 کے سینئر کارکن نذر محمد خان انتقال کر گئے۔مرحوم کی عمر 41 سال تھی اور ان کے سوگواران میں بیوہ سمیت 4 بھائی اور 2 صاحبزادیاں شامل ہیں۔نذر محمد خان مرحوم کے بڑے بھائی ظفر خان ایم کیوایم اندورن سندھ کمیٹی کے سابق رکن جبکہ چھوٹے بھائی نور احمد خان روہڑی سیکٹر کمیٹی کے رکن بھی ہیں۔نذر محمد خان مرحوم ڈیڑھ سال سے بیمار تھے اور گزشتہ روز ان کی طبیعت زیادہ بگڑ گئی جس کے باعث وہ انتقال کر گئے۔مرحوم کو بیدل قبرستان میں سپرد خاک کر دیا گیا۔نماز جنازہ اور تدفین میں ایم کیوایم اندرون سندھ تنظیمی کمیٹی کے اراکین، زونل کمیٹی کے ارکان، سیکٹر و یونٹ کمیٹیوں کے ذمہ داران و کارکنان، ہمدردوں اور مرحوم کے عزیز واقارب نے شرکت کی۔دریں اثناء متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے سکھر زون روہڑی سیکٹر کے کارکن نذر محمد خان کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحوم کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزتیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔

☆☆☆☆☆